© rasailojaraid.com



# دارالعلوم حقانیہ کے شب و روز

شفیق فاروقی

۱۷ر دسمبر — مولانا سمیع الحق صاحب مدیر الحق نے قومی کمیٹی برائے مدارس عربیہ کے دیگر ارکان کے ساتھ ایوانِ صدر اسلام آباد میں ملاقات کی کمیٹی نے اپنی رپورٹ صدرِ مملکت کو پیش کی یہ ملاقات تقریباً دو گھنٹے جاری رہی اس ملاقات میں مولانا نے صدرِ محترم کو مؤتمر المصنفین کی مطبوعات کا سیٹ بھی پیش کیا۔ رات کو کمیٹی کے ارکان کے اعزاز میں وفاقی وزیر داخلہ و مذہبی امور حبیب اللہ ہارون صاحب نے عشائیہ دیا جس میں مولانا نے بھی شرکت کی۔

۱۸ر دسمبر — جناب ڈاکٹر عبدالواحد ہالے پوتا صاحب ڈائریکٹر ادارۂ تحقیقات اسلامیہ اسلام آباد کی دعوت پر جناب مدیر صاحب ادارہ گئے، ڈائریکٹر صاحب نے دیگر شعبوں کے علاوہ ادارہ کا پرنٹنگ پریس جو جدید ترین مشینوں اور وسائل پر مشتمل ہے، اور دیگر طباعتی نظام کا معائنہ بھی کرایا۔ آخر میں جناب ڈائریکٹر صاحب موصوف نے مولانا کی خدمت میں دارالعلوم حقانیہ کے کتب خانہ کے لئے ادارۂ تحقیقات کی مطبوعات تصانیف و مجلات کا مکمل سیٹ پیش کیا جس پہ پورا دارالعلوم ادارہ کا ممنون ہے۔

۱۹ر دسمبر — دارالعلوم حقانیہ کے ایک فارغ التحصیل مولوی محمد گل افغانستانی کی دستار بندی اساتذہ نے فرمائی۔

۲۲ر دسمبر — دارالعلوم حقانیہ کے سہ ماہی امتحانات شروع ہوگئے، یہ تحریری اور تقریری امتحانات ایک ہفتہ تک جاری رہیں گے۔

۲۰ر دسمبر — دارالعلوم کی شاندار جامع مسجد کی تزئین، رنگ روغن اور سفیدی کا کام شعبۂ تعمیرات کے ماتحت جاری ہے جس پر تقریباً ۱۵ ہزار روپے لاگت آئے گی۔

۲۰ر دسمبر — کراچی کے دو ممتاز اشاعتی اداروں ادارۂ تحقیقات و نشریات اسلام — اور ایچ ایم سعید اینڈ کمپنی نے دارالعلوم کے مستحق طلبہ میں تقسیم کے لئے وسیع مطبوعات کا ذخیرہ بھیجا جسے دورۂ حدیث شریف اور موقوف علیہ دورہ کی کلاسوں میں تقسیم کیا۔ دارالعلوم اس علم پروری پہ دونوں اداروں کا شکرگذار ہے۔



© rasailojaraid.com